جلد نمبر 35 | شمارہ نمبر 41 | 2023 اکتوبر 12 تا 6
1989ء سے مسلسل اشاعت

# ہفت روزہ پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 100/-


**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TJIWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD
Little Star
Bleach Board

pindo deli
paper products

Indah Kiat
Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-3262978 6 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
بزنس مین پینل





BMG
بزنس مین گروپ

کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا






Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# HI-KOTE®

全海浆纸
JINHAI PULP & PAPER

## Features

- Wood free coated paper with smooth matt surface
- Excellent thickness
- Superior in elegant printing requirement
- Blue-white color shade and high brightness
- High opacity
- Good printing brilliance
- Fast ink set

## Specifications

HO-KOTE C2S Matt

| Item | Unit | Test Method Reference | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Basis Weight | $g/m^2$ | ISO536 | 90 | 100 | 105 | 115 | 120 | 128 | 130 | 150 | 157 | 170 | 200 | 250 | 300 |
| Thickness | um | ISO534 | 78±4 | 84±4 | 90±4 | 100±4 | 104±4 | 110±4 | 111±4 | 128±4 | 140±4 | 153±4 | 180±4 | 250±7 | 285±8 |
| Brightness | %ISO | ISO2470 | 88-91 | | | | | | | | | | | | |
| Opacity | % | ISO2471 | 89-92 | 92-95 | 92-95 | 93-96 | 93-96 | 94-97 | 94-97 | 96-99 | 96-99 | 97-100 | 97-100 | 97-100 | 97-100 |
| Roughness | um | ISO8791/4 | ≤2.7 | | | | | | | | | | | ≤2.5 | |
| Gloss | % | T480 | 32±5 | | | | | | | | | | | 30±5 | |

Remark: Above are average values.

## Applications

- Publishing and commercial Printing

Our Quest Superiority has Made us
Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE
LINE OF PROFESSSIONALISM

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

IBM™
ISO 9001:2015 CERTIFIED

## FOR BOOKING CONTACT

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBM-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk





Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

tjiwi kimia
paper products
www.tjikimia.co.id

# PAPER THAT WORKS EVERYDAY



## ART PAPER
- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR



## PHOTOCOPY PAPER
- PAPERLINE GOLD
- PAPERLINE
- EXCELPRO
- INTEGRITE
- AONE

PAPERLINE GOLD Prestigious Preference · ExcelPro DIGITAL COLOR PRINTING PAPER · MULTI PURPOSE PREMIUM PAPER PAPERLINE TODAY'S PAPER FOR TOMORROWS' TECHNOLOGY · a1ne MULTI PURPOSE QUALITY PAPERS



## WOODFREE PAPER
- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

eXp EXTRAPRINT LUXURY OFFSET · eXp pplus EXTRAPRINT LUXURY OFFSET · eXp srw EXTRAPRINT LUXURY OFFSET



## SPECIALTY & CARBONLESS PAPER
- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions CARBONLESS · Ellustra DRAWING PAPER · enza · foopak grease proof paper · CONCORDE Premium Cast Coated Board



## QUALITY STATIONERY ITEMS
- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS
  MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



## OTHER PRODUCTS
- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

## FOR BOOKING CONTACT

IBM ™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

اشاعت: بروز جمعۃ المبارک ـ قیمت 100 روپے

پیپر بزنس

**پبلشرز: حرارؤف**

نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز، 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے چھپوا کر شائع کیا

شمارے کے صفحات: 24 رنگین، 16 عمومی

**بانی: محمد رؤف**

ایڈیٹوریل بورڈ:

پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف

اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی

پیج میکنگ و ڈیزائننگ: عمران صدیقی

سوشل میڈیا مارکیٹنگ: سمیر انصاری

معاون: عدنان انصاری

**رابطہ آفس**

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر،

بلاک M، نارتھ ناظم آباد،

بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی

weeklypaperbusiness@gmail.com

فون: 0300-2933229

ویب سائٹ: weeklypaperbusiness.com

**چارجز: (سالانہ)**

بمعہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے

بمعہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے

کراچی پیپر مارکیٹ 1500 روپے

بمعہ ڈیجیٹل ایڈیشن 1500 روپے

آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی

IBAN No: PK72SUMB025602714112960


# اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی اپیلٹ ٹریبونل کی این ٹی سی کے فیصلے کیخلاف اپیلیں منظور

## امپورٹرز نے نیشنل ٹیرف کمیشن، سنچری پیپر ملز اور بلھے شاہ پیکجنگ کو فریق بنایا تھا، این ٹی سی نے 5 سال کی مدت مکمل ہونے پر دوبارہ اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی نافذ کی تھی

## 17 امپورٹرز نے تین متفرق اپیلیں دائر کی تھیں جو اپیلٹ ٹریبونل نے منظور کر لیں، محمد سلیم بیکیا اور آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی کامیاب کوششیں

کراچی (پیپر بزنس نیوز) نیشنل ٹیرف کمیشن نے 29 جولائی 2017ء کو چائنا، انڈونیشیا اور ساؤتھ کوریا سے درآمد ہونے والے ون سائیڈ کوٹڈ ڈپلیکس بورڈ گرے بیک (پی سی ٹی ہیڈنگ 4810.9200 اور 4810.9900) 225 تا 400 گرام پر پانچ سال کے لئے چین سے درآمدات پر 18.57 فیصد، انڈونیشیا پر 16.22 فیصد اور جنوبی کوریا پر 14.98 فیصد اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی نافذ کی تھی۔ 28 جولائی 2023 کو اس کی مدت ختم ہو رہی تھی اور این ٹی سی نے ملوں کی درخواست پر ڈمپنگ کو افذ رکھنے کا فیصلہ کیا تھا۔ اس کے خلاف آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نے اپنے ممبران کے مفادات کی خاطر اور محمد سلیم بیکیا، چیف ایگزیکٹو انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ نے ٹریڈ کے اجتماعی مفاد میں اس کے خلاف اینٹی ڈمپنگ اپیلٹ ٹریبونل میں اپیلیں دائر کرنے کا فیصلہ کیا۔ اپیلٹ ٹریبونل نے 25 ستمبر 2023 کو اس کا فیصلہ جاری کر دیا۔ فیصلے کی ابتدائی خبر گزشتہ شمارے میں شامل کر دی گئی تھی اب اس فیصلے کی مزید تفصیلات قارئین کے لئے دی جا رہی ہیں۔ ان اپیلوں کا فیصلہ 2-3 کی بنیاد پر ممبران نے دیا ہے جس میں ناصر مسرور احمد چیئرمین، اطہر سلیم اور سمیرا ناظر صدیقی (ممبران) نے دو ایک کی اکثریت سے جاری کیا ہے۔ اس فیصلے کے تحت تین امپورٹرز کی اپیل نمبر 10,544/2022 امپورٹرز کی اپیل نمبر 545/2022 اور چار فریقین کی اپیل نمبر 546/2022 پر ایک ساتھ دیا گیا ہے۔ ان اپیلوں کی 29 سماعتیں 11,12,14,18,24,25 جنوری، یکم 8,9,14,22 فروری، 8,14,21 مارچ، 4.11.13,19 اور 20 اپریل، 3,10,17,24 اور 30 مئی، 7.13.15.22 اور 27 جون 2023 کو اسلام آباد میں ہوئیں اور تقریباً تین ماہ بعد اس کا فیصلہ جاری کیا گیا۔ یہ اپیلیں 17 امپورٹرز نے نیشنل ٹیرف کمیشن، سنچری پیپر اینڈ بورڈ ملز لمیٹڈ اور بلھے شاہ پیکجنگ بورڈ لمیٹڈ کے خلاف دائر کی گئی تھیں۔ نیشنل ٹیرف کمیشن نے ڈپلیکس بورڈ گرے بیک پر عائد اینٹی ڈمپنگ کی مدت ختم ہونے پر اس میں مزید پانچ سال کی توسیع کے لئے نوٹسز جاری کئے تھے اور ڈیوٹی عائد کر دی تھی جس کے خلاف یہ اپیلیں دائر کی گئی تھیں۔ واضح رہے کہ آئی بی ایم کے محمد سلیم بیکیا اور آل پاکستان پیپر مرچنٹس کی کوششوں سے یہ اپیلیں دئر کی گئی تھیں۔ وکلا میں اپیل کنندگان کی جانب سے عبدالخالق ایڈووکیٹ (سابق ممبر این ٹی سی)، سعد صہیب وائیں اور فواذ خان ایڈووکیٹ، مظہر بندگش ایڈووکیٹ اور مومن توفیق ایڈووکیٹ پیش ہوئے۔ ان اپیلوں میں سنچری پیپر اینڈ بورڈ ملز لمیٹڈ اور بلھے شاہ پیکجز لمیٹڈ کو بھی فریق بنایا گیا تھا ان کی جانب سے سیف اللہ خان ایڈووکیٹ، سمیرا کنول ایڈووکیٹس پیش ہوئیں۔ نیشنل ٹیرف کمیشن کی جانب سے احمد شیراز چیف لیگل ایڈوائزر، وقاص عامر اور اظفر نعیم قانونی مشیران پیش ہوئے۔ اپیلٹ ٹریبونل نے دو ایک کے تحت اکثریتی فیصلہ جاری کرتے ہوئے تمام اپیلیں منظور کر لیں اور ڈپلیکس بورڈ گرے بیک پر اینٹی ڈمپنگ کا مزید نفاذ رک گیا۔ امپورٹرز نے محمد سلیم بیکیا اور آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کو اس فیصلہ پر مبارک باد دی ہے۔




**Order of the Tribunal:**

By a majority of 2:1 these appeals bearing No. 544 of 2022, 545of 2022 & 546 of 2022 are allowed in terms of paragraph No. 53 above.

Announced in open court on this 25th day of September, 2023.

CERTIFIED TO BE A TRUE COPY
Anti Dumping Appellate Tribunal
Islamabad

(Nasir Masroor Ahmed)
Chairman

(Ather Saleem)
Member

(Samaira Nazir Siddiqui)
Member

**Dated: 25.09.2023**



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

IBM کی پیپر ٹریڈ کے لئے ایک اور خدمت

# کوٹنگ رائٹنگ پرنٹنگ پیپر کے عبوری کلیرنس ریفنڈ کے چیکس کی لاہور میں بھی تقسیم

کراچی (پیپر بزنس نیوز) اکتوبر 2020 میں چند امپورٹرز کی شکایت پر نیو یا برانڈ کوٹڈ رائٹنگ پرنٹنگ پیپر کی مس ڈیکلیریشن کے کیسز ہائی کورٹ سے جیتنے کے بعد اس سلسلے میں امپورٹرز کے دفعہ 81 کے تحت جمع شدہ چیکس رپے آرڈرز ربینک گارنٹی کسٹم ہاؤس سے ریفنڈ کی تھی۔ اس سلسلے میں امپورٹرز کی جمع شدہ رقوم کے ریفنڈ کے چیکس انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ نے ایک پر تکلف عشائیے میں لاہور میں بھی تقسیم کئے۔ یہ تقریب لاوہر کے پرل کانٹی نینٹل ہوٹل میں ہفتہ 30 ستمبر کو منعقد ہوئی جس کے مہمان خصوصی سارک چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نائب صدر ولیڈر بزنس مین پینل فیڈریشن انجم نثار، صدر فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری عرفان اقبال شیخ، ریجنل چیئرمین فیڈریشن محمد ندیم قریشی تھے جبکہ دیگر نمایاں شخصیات جنہوں نے تقریب میں شرکت کی ان میں محمد علی میاں، ظفر محمود چوہدری، فہیم الرحمن سہگل، خامس سعید بٹ، ملک احد امین، میاں ابوذر شاد، طارق منظور چوہدری، باؤ محمد بشیر، شبیر بھٹی اور دیگر شامل تھے۔ اس موقع پر تمام تاجر رہنماؤں نے محمد سلیم بیکیا کی پیپر ٹریڈ کی نمایاں خدمات پر انہیں زبردست خراج تحسین پیش کیا کہ پیپر ٹریڈ کے لوگ خوش نصیب ہیں کہ انہیں محمد سلیم بیکیا جیسا ایک نڈر اور بے باک لیڈر ملا ہے۔ اس موقع پر امپورٹرز میں چیک تقسیم کئے گئے۔ اس کے علاوہ کسٹم نے بینک گارنٹیاں بھی ریلیز کر دیں۔ اس موقع پر اپنے خطاب میں محمد سلیم بیکیا نے کہا کہ الحمدللہ اپنے گاہکوں کے صبر، ہمت اور تعاون کے باعث تین سال کی جدوجہد کے بعد ہم یہ تسلیم کرانے میں کامیاب ہو گئے ہیں کہ کوٹڈ رائٹنگ پرنٹنگ پیپر ہوتا ہے اور اب ہم یہ کہنے میں حق بجانب ہیں کہ اب بھی جو اس کو نہ مانے وہ ''کھوتا'' ہے۔ انہوں نے امپورٹرز کا شکریہ ادا کیا کہ وہ صبر و تحمل سے آئی بی ایم کے ساتھ کھڑے رہے اور بالآخر حق کی کامیابی ہوئی۔ ہائی کورٹ سے کیسز جیتنے کے بعد پہلا مرحلہ اس پر عملدرآمد کا تھا جو ہماری ٹیم نے 24 گھنٹے میں کروا دیا۔ اس کے بعد دوسرا مرحلہ دفعہ 81 کے تحت ڈیوٹی اور ٹیکسز ڈیکلیرڈ اور تشخیصی ویلیو کے فرق کے چیکس / بینک گارنٹی اور پے آرڈر کی واپسی کا تھا۔ محمد سلیم بیکیا نے کہا کہ آئی بی ایم کی ٹیم نے عبدالقادر اور ان کے اسٹاف کی انتھک محنت کے نتیجے میں یہ ریفنڈ کے چیکس کسٹم سے حاصل کر لئے ہیں اور اب کراچی کے بعد آج لاہور کے امپورٹرز کے چیکس تقسیم کئے جا رہے ہیں۔ جبکہ وہ آئی بی ایم کے محمد جاوید اور محمد رضوان کو بھی خراج تحسین پیش کرتے ہیں کہ انہوں نے ان تین سالوں میں گاہکوں کو آئی بی ایم سے جوڑے رکھا اور اس کے لئے سخت محنت کی۔ انہوں نے کہا کہ اب تیسرا مرحلہ یہ ہے کہ جن افراد نے یہ جھوٹی شکایات درج کرائی تھیں اب ان کے خلاف ہرجانہ کیا جائے یا نہیں!، اس پر غور ہو رہا ہے اور امپورٹرز کے مشورے سے ہی اس پر آئندہ کام کیا جائے گا۔

# براؤن پیپر بنانے والی ملوں کا اجلاس، دس دن کیلئے ملیں بند

## شیخوپورہ میں 60 سے زیادہ ملوں کے نمائندوں کی شرکت، ردی کے نرخ پانچ روپے کلو کم کرنے کا فیصلہ


لاہور (پیپر بزنس نیوز) شیخوپورہ میں براؤن پیپر کی تمام اقسام بنانے والی تمام پیپر ملز کے نمائندوں کا ایک اجلاس 30 ستمبر 2023 کو منعقد ہوا جس میں 60 سے زیادہ ملوں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ جس میں انڈسٹری کے مسائل، حکومت کی طرف سے بجلی یونٹ ریٹ، پیٹرول وڈیزل میں ہوشربا اضافہ، بھٹی پیپر ملز لاہور، گولڈ پیپر ملز شیخوپورہ، ایم ایم پیپر ملز، رائل پیپر ملز، میاں لطیف پیپر ملز، کنگ پیپر ملز، ماڈل پیپر 1، ماڈل پیپر 2، ماشاءاللہ پیپر، فورایس پیپر مل ظفر شاہ، آئیڈیل پیپر 1، آئیڈیل پیپر 2، مدینہ پیپر ملز، کنٹری پیپر ملز، نواب پیپر ملز ملتان، روز پیپر ملز ساہیوال، اویس اسامہ پیپر ملز، ثریا اسلم وہاڑی، ہیرا پیپر ملز جھنگ، عامر بٹ فیصل آباد، شیخ یونس، شاہد فیصل آباد، تابندہ پیپر ملز، کرتاس پیپر ملز حطار، امتیاز حطار، کندی پیپر ملز، رانا قمر حطار، رازق خان، عامر خان باڑہ، اسرار خان باڑہ اجلاس میں جن کون بورڈ ملوں کے نمائندوں نے شرکت کی ہے وہ بھی براؤن پیپر کے ساتھ شٹ ڈاون کریں گی۔ اجلاس میں تمام پیپر ملز نے 10 اکتوبر سے تمام



فیول ریٹ بڑھنے سے پیدہ شدہ صورت حال پر غور کیا گیا اور طے کیا گیا ہے کہ آل پاکستان پیپر ملز ایسوسی ایشن اور تمام شریک ملیں 3 اکتوبر سے 13 اکتوبر تک شٹ ڈاؤن کریں گی۔ اجلاس میں تمام ملز کے نمائندوں نے انڈسٹری کی بہتری کے لئے فیصلے کئے۔ اجلاس میں مندرجہ ذیل ملوں نے شرکت کی۔ نصیر پیپر ملز، یونین پیپر ملز لاہور، پائنیر پیپر ملز، شبیر پیپر ملز، ایم کے پیپر ملز لاہور، ملتان بورڈ لاہور، لاہور بورڈ ملز، اج پیپر ملز رائیونڈ لاہور، حسن بورڈ لاہور، رانیہ پیپر ملز ملتان، تصیف رحیم یار خان، شوکت پیپر مل بہاولپور، مدنی پیپر ملز ملتان، ممتاز چشتیاں، ایچ ایچ پیپر ملز، گوجرانوالہ پیپر ملز، ایگل پیپر ملز، شاہین پیپر ملز گوجرانوالہ، الحسنین پیپر ملز، الحمد پیپر ملز، قربان پیپر ملز، کامونکی پیپر ملز، بیسٹ پیپر ملز گوجرانوالہ، سبحان پیپر ملز، جہانزیب گوجرانوالہ، اج پیپر ملز چنیوٹ، امین صاحب چنیوٹ، راجہ طلال صاحب چنیوٹ، حافظ یوسف فیصل آباد، حاجی رفیق، رانا رمضان، گوہر پیپر ملز، قسم کی ردی کا ریٹ 5 روپے کم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایسوسی ایشن کے ذرائع کے مطابق اجلاس کامیاب رہا اور اس اجلاس کی میزبانی ملتان سے تعلق رکھنے والی ملوں کے نمائندے تھے۔ مہمان نوازی پر آل پاکستان پیپر ملز ایسوسی ایشن کی جانب سے ان کا شکریہ ادا کیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ آئندہ اجلاس 10 اکتوبر کو ہوگا اور میزبانی شیخوپورہ سے تعلق رکھنے والی ملیں ہوں گی جس میں پیپر کے ریٹ بڑھانے کے فیصلوں پر غور کیا جائے گا۔


یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# IBM کالاہور میں پیپر مرچنٹس اور فیڈریشن کے صدر کے اعزاز میں استقبالیہ














لاہور میں انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ IBM کے چیف ایگزیکٹیو محمد سلیم بیکیا نے پیپر و پیپر بورڈ کے کوٹڈ رائٹنگ و پرنٹنگ پیپر کے امپورٹرز کسٹم سے موصولہ ریفنڈ کے چیک دینے کے لئے ہفتہ 30 ستمبر 2023 کو پرل کانٹی نینٹل ہوٹل میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا۔ جس کے مہمان خصوصی صدر فیڈریشن آف پاکستان چیمبر ز آف کامرس اینڈ انڈسٹری عرفان اقبال شیخ اور چیئرمین بزنس مین پینل فیڈریشن انجم نثار تھے۔ اس موقع پر لی گئی تصاویر میں محمد سلیم بیکیا، انجم نثار، عرفان اقبال شیخ اور خامس سعید بٹ خطاب کر رہے ہیں۔ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے عہدیداران و پیاف کے عہدیداران بھی بڑی تعداد میں شریک ہوئے۔ جبکہ عباسی پیپر مارٹ کے اظہار احمد محمد سلیم بیکیا کو ان کی شاندار خدمات کے اعتراف میں یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں۔ دیگر شرکاء میں باؤ محمد بشیر، خواجہ محمد الیاس، ملک احد امین، ملک منور اور محمد انیس شامل ہیں۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road,
Paper Market, Karachi.
Phone : 021-32216671, 32212081, 32601020
aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com


Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725




IBM ™
ISO 9001: 2015
CERTIFIED

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

Brands of the year Award ™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award ™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012




Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

ISO 9001: 2015
CERTIFIED

# انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ

## اپنے اراکین وگاھگوں کے لئے
## خدمت میں ایک قدم اور آگے

## IBMکی طرف سے پیپر کی گرامیج معلوم کرنے کا آلہ





**Sponsored By IBM**

اپنے معزز کرم فرماؤں کو یقین واعتماد کے ساتھ خریداری میں مدد کے لئے۔

تا کہ وہ معیار اور مقدار کے بارے میں ازخود اطمینان حاصل کرسکیں

آئی بی ایم کے اراکین کے لئے رعایتی نرخ پر دستیاب ہے

رابطے کے لئے 0300-2011313


**International Business Managemnet**

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company In Pakistan

First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Near Burhani Hospital,
Karachi UAN:111-IBK-PAK

Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786

Email: saleem.bikiya@ibmpak.com Website:www.ibmpakistan.com


Certified Quality Management System ISO 9001: 2015

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Winner of Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2010

Winner of Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012




Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# درآمدی آفسیٹ، بلیچ بورڈ، کاربن لیس، اسٹیکر، آرٹ پیپر و کارڈ اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں کمی

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیاں جاری رہیں اور 4اکتوبر 2023 کوختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں پنڈو آرٹ کارڈ ، آرٹ پیپر نیویا، درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے اور ریل کٹ، درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو ، رئیل، چینمنگ اور پنڈو ڈیلی ، کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو ، امپریشن اسٹار اور رائزنگ سن، اسٹیکر پیپر ایکنا برانڈ ، سپرٹیک ، گولڈن ٹیک جی ایس ایف ، پاور ٹیک ، وائی ایم سی نیکسز پرو اور لیبل ٹیک اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی ۔ دیگر پیپر وپیپر بورڈ کے برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر وپیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ ہے کہ پنڈو آرٹ کارڈ تمام سائز 310،300،260،250، 210 ، 200،190 اور 350 گرام، 450روپے سے کم ہوکر 430روپے فی کلو ہوگیا ہے ۔ نیویا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 90۔ 100۔ 105۔113۔ 128اور 150 گرام، 450روپے سے کم ہو کر430روپے فی کلوہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز80۔ 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 450روپے سے کم ہوکر 430روپے فی کلوہوگیا ہے ۔کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو 2000انڈونیشیا،18x23 سائز 6100روپے سے کم ہوکر 6000روپے فی ریم ہوگیا ہے۔کاربن لیس پیپر امپریشن اسٹار چائنا 24x34 سائز6800 ، روپے سے کم ہوکر 6500روپے فی ریم ہوگیا ہے ۔ رائزنگ سن 24x34سائز 6800 ، روپے سے کم ہو کر 6500روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام355روپے سے کم ہو کر350روپے فی کلوہوگئی ہیں۔ درآمدی بلیچ بورڈ رئیل شیٹس 356روپے سے کم ہوکر 355روپے فی کلوہوگیا ہے۔ درآمدی بلیچ بورڈ چینمنگ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 350روپے سے کم ہوکر345روپے فی کلوہوگئی ہیں۔ بلیچ بورڈ پنڈو ڈیلی انڈونیشیا شیٹس تمام سائز تمام گرام، 348روپے سے کم ہوکر 340روپے فی کلوہوگئی ہیں۔ درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام565 ، روپے سے کم ہوکر 540روپے فی کلوہوگیا ہے۔ آئی کے 035 مشین / ریل کٹ 75، 70اور 80 گرام،550روپے سے کم ہوکر530روپے فی کلوہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی پی سی براؤن 70 گرام، 1140روپے سے کم ہوکر 1100 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام 1130 ، روپے سے کم ہوکر 1110روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو65 گرام 1100 ، روپے سے کم ہوکر 1000روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام 1160 ، روپے سے کم ہوکر 1100روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4A-13.5 ۔ 70 گرام1540 ، روپے سے کم ہوکر 1520روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی A3 سائز 70 گرام 2700 ، روپے سے کم ہو کر 2650روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔آریا 70 گرام 1090 ، روپے سے کم ہوکر 1070روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے ۔ڈبل اے تھائی لینڈ 80 گرام، 1580روپے سے کم ہوکر 1560روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ کاپی پیپر دبئی70 گرامA4 ، سائز 1080روپے سے کم ہوکر 1070روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر ایکنا برانڈ 20x30 ، سائز، 5600روپے سے بڑھ کر 5700روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر سپرٹیک 20x30 ، سائز، 3900روپے سے کم ہوکر 3800روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے ۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف 20x30 سائز 3800 ، روپے سے کم ہوکر3650روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے ۔اسٹیکر پیپر پاور ٹیک چائنا 20x30سائز، 3700روپے سے کم ہوکر 3600روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر وائی ایم سی چائنا 20x30سائز، 3750روپے سے کم ہوکر 3600روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا 20x30سائز ، 3750روپے سے کم ہوکر 3650روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 3900روپے سے کم ہو کر 3800روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

## ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی تاریخ میں 31 اکتوبر تک توسیع

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) سیکرٹری ریونیو بجٹ بلال ضمیر کے دستخطوں سے ان لینڈ ریونیو آپریشنز انکم ٹیکس سرکلر نمبر 04 آف 24-2023ء 30 ستمبر کو رات گئے جاری کیا گیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001ء کے سیکشن 214اے کے تحت حاصل اختیارات استعمال کرتے ہوئے انکم ٹیکس گوشوارے برائے سال 2023ء جمع کرانے کی آخری تاریخ جو 30 ستمبر 2023ء تھی اسے ٹریڈ باڈیز اور ٹیکس بارز ایسوسی ایشنوں کی تجاویز اور استدعا پر بڑھا کر 31اکتوبر 2023ء مقرر کردی ہے۔ اس کیلئے نوٹیفکیشن نمبر (6ون) ایس آئی آر آپریشنز 2022/48652 آر 30 ستمبر کی نصف شب جاری کیا گیا ہے۔

## افتخار احمد شیخ کراچی چیمبر کے صدر منتخب

کراچی (نیوز ڈیسک) کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سالانہ انتخابات میں افتخار احمد شیخ کو صدر، الطاف غفار کو سینئر نائب صدر اور تنویر باری کو نائب صدر منتخب کرلیا گیا، اس بات کا اعلان 2 کتوبر 2023 کو چیمبر کے 62ویں سالانہ جنرل اجلاس میں کیا گیا۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36
CB + CFB + CF CARD
Colour Cards
COPY PAPER A4
CHAND TRADERS
Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411
Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# افغان ٹرانزٹ ٹریڈ معاہدے کے تحت درآمداشیا پر 10 فیصد پراسیسنگ فیس عائد

## افغان ٹرانزٹ اشیا پر ڈیوٹی اور ٹیکس کو محفوظ بنانے کے لیے بینک گارنٹی کا نفاذ

ملک میں اشیا کی غیر قانونی آمد کو روکنے کے لیے ایک اہم اقدام اٹھاتے ہوئے حکومت نے افغان ٹرانزٹ ٹریڈ معاہدے کے تحت درآمد کی جانے والی اشیا پر 10 فیصد پراسیسنگ فیس عائد کرنے کا اعلان کردیا۔ رپورٹ کے مطابق اس فیصلے کا مقصد اسمگلنگ کی روک تھام اور باقاعدہ ٹیکس عائد کرنا ہے، یہ فیصلہ ایک ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب حکومت نے پاکستان میں غیر قانونی طور پر رہائش پذیر تمام غیر ملکی افراد بشمول 17 لاکھ 30 ہزار افغان شہریوں کو ملک چھوڑنے کا حکم اور ملک بدر کرنے کا انتباہ دے دیا ہے۔ کسٹمز ڈپارٹمنٹ کے نوٹیفکیشن (ایس آر او 1381 آف 2023) کے مطابق افغان ٹرانزٹ ٹریڈ معاہدے کے تحت تجارتی سامان کے پاکستان کے راستے افغانستان میں داخل ہونے کے ڈکلیئرنشن پراسس کے دوران اشیا کی اصل قیمت کے حساب سے 10 فیصد فیس پیشگی ادا کرنا ضروری ہے۔ ان اشیا میں کنفیکشنری، چاکلیٹ، جوتے، مختلف مشینری، کمبل، گھریلو ٹیکسٹائل اور گارمنٹس شامل ہیں، تاہم نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ 3 اکتوبر، یعنی نوٹیفکیشن کے اجرا سے قبل افغان ٹرانزٹ ٹریڈ کے تحت ڈکلیئر اشیا پر اس نوٹیفکیشن کا اطلاق نہیں ہوگا۔ کسٹمز حکام کو شبہ ہے کہ بظاہر افغانستان بھیجا جانے والا کچھ سامان خفیہ طور پر پاکستان میں واپس بھیج دیا جاتا ہے، اس تناظر میں یہ تازہ ترین اقدام سامنے آیا ہے۔ ایک عہدیدار نے کہا کہ حال ہی میں کارگو کے حجم میں اضافہ ہوا ہے، افغانستان کی ٹرانزٹ ٹریڈ کی طلب ایک ارب ڈالر سے 2 ارب ڈالر سالانہ ہونے کے باوجود ہم نے نمایاں اضافہ دیکھا ہے، توقع ہے کہ یہ فیس عائد کرنے سے غیر قانونی تجارت میں ملوث افراد کو روکا جاسکے گا۔ عہدیدار نے کہا کہ ٹرانزٹ ٹریڈ معاہدے کے تحت پاکستان کو کارگو پر پراسیسنگ فیس عائد کرنے کا حق حاصل ہے۔ قبل ازیں، افغانستان کو پاکستان اقتصادی تعاون بھی فراہم چکا ہے، 15 اگست 2021 کو افغانستان کا اقتدار طالبان کے سنبھالنے کے بعد سے پاکستان نے پھلوں اور سبزیوں سمیت مختلف اشیا پر ٹیکس اور ڈیوٹی کی چھوٹ فراہم کی، علاوہ ازیں گزشتہ برس 6 جولائی سے حکومت نے زمینی راستوں سے افغانستان تک تمام مصنوعات کی روپے میں تجارت کی اجازت بھی دی۔ اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے کسٹمز نے 'کسٹمز ایکٹ 1969' کے تحت متعدد پالیسیاں اپنائی ہیں، قانونی فریم ورک کو تقویت دینے کے لیے ضروری اشیا مثلاً گندم، آٹا، چینی اور یوریا کو ضروری اشیا کی فہرست میں شامل کیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں کسٹمز ایکٹ کے دائرہ کار کو افغانستان، بھارت اور ایران کی سرحدوں کے قریب 5 کلومیٹر سے بڑھا کر 10 کلومیٹر اور بلوچستان کے مخصوص اضلاع کے قریب 50 کلومیٹر تک بڑھا دیا گیا ہے۔ حکومت نے اسمگلنگ کے مسائل سے نمٹنے اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ رابطے کے لیے چیف کلکٹر آف کسٹم (بلوچستان) کو بھی تعینات کردیا ہے۔ وفاقی حکومت نے افغان ٹرانزٹ ٹریڈ کے ذریعے درآمد کئے جانے والے کنسائمنٹس کی اشیاء کے لیے بینک گارنٹی کا نیا نظام متعارف کرایا ہے جس سے کسٹمز سیکورٹی کو بڑھانے اور کسٹمز کے طریقہ کار کی تعمیل کو یقینی بنایا جاسکے۔ اس سلسلے میں ایف بی آر کی جانب سے ایس آر او 1396 جاری کیا گیا ہے جس کا مقصد ڈیوٹی وٹیکسز کی چوری کی روک تھام ہے، مذکورہ ایس آر او کے مطابق بانڈڈ کیریئرز یا کسٹم ایجنٹ جو افغان ٹرانزٹ گڈز کے لیے گڈز ڈیکلریشن (جی ڈی) فائل کرنے کے ذمہ دار ہیں، اب کسٹم حکام کو بینک گارنٹی جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ یہ بینک گارنٹی کسٹم سیکورٹی کے لیے ضامن کے طور پر کام کرے گی اور جی ڈی میں متعین لیوی ایبل ڈیوٹی اور ٹیکس کا احاطہ کرے گی۔ ایس آر او کے مطابق نئے متعارف کرائے گئے ضوابط کے تحت، جی ڈی کسٹمز کمپیوٹرائزڈ سسٹم کے ذریعے یا ایک نامزد اسیسنگ آفیسر کے ذریعے کیا جائے گا، ایس آر او کے مطابق ایف بی آر نے یہ شرط عائد کی ہے کہ پاکستان میں مجاز کسٹم ایجنٹس، بروکرز، یا ٹرانسپورٹ آپریٹرز کو افغانستان کے لیے مطلوبہ سامان کے لیے بینک گارنٹی کی صورت میں مالی تحفظ فراہم کرنا چاہیے۔ افغان ٹرانزٹ ٹریڈ کے لئے جمع کروائی جانے والی بینک گارنٹیوں کی مدت ایک سال اور یہ گارنٹیاں پاکستان میں ان کیش کروائی جاسکیں۔ اور یہ بینک گارنٹیاں پاکستان اور افغانستان کے درمیان کسٹم ٹرانزٹ آپریشنز سے پیدا ہونے والی کسی بھی ذمہ داری کو پورا کرنے کی ضمانت کے طور پر کام کریں گے۔ ٹرانزٹ آپریشنز کے لیے بینک گارنٹی کی مخصوص رقم کا تعین سسٹم کے ذریعے کیا جائے گا جس کی بنیاد پر کسٹمز کمپیوٹرائزڈ سسٹم یا روانگی کے دفتر میں تشخیص کرنے والے افسر کے ذریعے کیا گیا ہے اور یہ رقم درآمدی محصولات کو پورا کرنے کے لیے درکار ہوگا۔ نامزد کسٹمز افسر اس بات کی تصدیق کرے گا کہ بینک گارنٹی ایک شیڈول بینک کی طرف سے جاری کی گئی ہے اور پاکستان میں ان کیش ایبل ہے۔ مزید برآں، وہ اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ گارنٹی ٹرانزٹ میں سامان یا گاڑیوں سے متعلق ڈیوٹی اور ٹیکسوں کا درست تعین کرتی ہے۔ ایسے معاملات میں جہاں 'ایگزٹ اسٹیمپ' کے ساتھ سرحد پار سرٹیفکیٹ موصول نہیں ہوتے ہیں یا گارنٹی میں بیان کردہ شرائط افغان درآمد کنندہ یا برآمد کنندہ کی طرف سے پوری نہیں ہوتی ہیں، روانگی کے مقام پر متعلقہ دفتر بینک گارنٹی کو نافذ کرنے یا ان کیش کرنے کے لیے کارروائی کرے گا تاکہ محصولات کی وصولی کی جاسکے۔ افغان ٹرانزٹ سامان کے لیے بینک گارنٹی کا تعارف کسٹم سیکورٹی کو بڑھانے اور کسٹم کے طریقہ کار کی تعمیل کو یقینی بنانے میں ایک اہم قدم کی نمائندگی کرتا ہے۔ توقع ہے کہ اس اقدام سے ٹرانزٹ کے عمل کو ہموار کیا جائے گا اور حکومتی محصولات کو محفوظ بنایا جائے گا اور ساتھ ہی ساتھ پاکستان اور افغانستان کے درمیان تجارت کو بھی سہولت ملے گی۔

# انٹر بینک: ڈالر 284 روپے 68 پیسے کا ہوگیا

کراچی (بزنس ڈیسک) امریکی ڈالر کی قدر میں انٹر بینک میں بدھ 4 اکتوبر 2023 کو کاروبار کے آغاز میں ہی مزید کمی آئی ہے۔ انٹر بینک میں ڈالر 1 روپے 7 پیسے سستا ہونے کے بعد 284 روپے 75 پیسے کا ہوگیا۔ جبکہ منگل 3 ستمبر کو کاروبار کے اختتام پر انٹر بینک میں ڈالر 285 روپے 82 پیسے کا تھا۔ روپے کی قدر میں اضافے کا رجحان برقرار، روپے کے مقابلے پر انٹر بینک میں ڈالر کی قیمت ایک روپے اور اوپن مارکیٹ میں 50 پیسے کم ہوگئی، یورو 3 روپے سستا ہوگیا، پاؤنڈ کی قیمت بھی 2 روپے گھٹ گئی، فاریکس ایسوسی ایشن کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق منگل 3 ستمبر کو روپے کے مقابلے پر انٹر بینک میں ڈالر کی قیمت خرید 90 پیسے کی کمی سے 286.60 روپے سے کم ہوکر 285.70 روپے اور قیمت فروخت ایک روپے کی کمی سے 286.90 روپے سے کم ہوکر 285.90 روپے ہوگئی۔ اوپن مارکیٹ میں 50 پیسے کی کمی سے ڈالر کی قیمت خرید 283.50 روپے سے کم ہوکر 283.00 روپے اور قیمت فروخت 286.50 روپے سے کم ہوکر 286.00 روپے ہوگئی ہے۔

## کراچی ایئرپورٹ کسٹمز ایئر فریٹ یونٹ کروڑوں کی ٹیکس چوری اسکینڈل

کراچی (نیوز ڈیسک) کراچی ایئرپورٹ کسٹمز ائیر فریٹ یونٹ پر کروڑوں روپے کی ٹیکس چوری کا اسکینڈل سامنے آگیا، حکام کے مطابق ٹیکس چوری نجی کمپنی کے منگوائے گئے کنسائمنٹ میں جعلی دستاویزات کی مدد سے کی گئی۔ ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن حکام کے مطابق نجی کمپنی ٹیکس چوری میں ملوث ہے، ٹیکس چوری کے لئے نیٹ ورکنگ ایکوپمنٹ کی انڈر انوائسنگ اور جعلی رسیدیں جمع کرائی گئیں۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# نگراں حکومت کا پرچون، زراعت اور رئیل اسٹیٹ پر ٹیکس کا فیصلہ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) نگران حکومت نے ایف بی آر کا 92 کھرب روپے کا ٹیکس ہدف پورا کرنے کے لیے پرچون، زراعت اور رئیل اسٹیٹ سیکٹرز پر ٹیکس عائد کرنے کا منصوبہ بنا رہی ہے جبکہ ایک منصوبہ منقولہ اثاثوں پر دولت ٹیکس لگانے کا بھی ہے۔ سرکاری ذرائع نے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ حکومت آئندہ دو سال میں ٹیکس ٹو جی ڈی پی کی شرح 15 فیصد پر لائے گی۔ غیر منقولہ املاک پر کیپیٹل گینز ٹیکس کو معقول بنانا بھی کارڈز پر ہے جس سے اشارے ملتے ہیں کہ اس میں مزید اضافہ کیا جائے گا تاکہ پاکستان میں جی ڈی پی ریشو بڑھائی جاسکے۔ ایف بی آر معیشت کو ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم میں لانے کے لیے 'ڈیجیٹائزیشن' کا منصوبہ بنا رہی ہے۔ اس ضمن میں جن سیکٹرز کو منتخب کیا گیا ہے وہ تمباکو، چینی، کھاد، سیمنٹ اور دیگر شامل ہیں۔ یہاں سے ہونے والے ٹیکس زیاں کو روکا جائے گا۔ سرکاری عہدیدار نے مزید بتایا کہ اب سے پوائنٹ آف سیلز، سنگل ونڈو اور ڈیجیٹل انوائسنگ پوری طرح سے نافذ کی جائیں گی۔ ایف بی آر قانون کو دستاویزی شکل دینے پر کام کر رہا ہے تاکہ اسے آرڈیننس کے ذریعے نافذ کرنے سے پہلے اس پر وسیع تر اتفاق رائے حاصل کیا جاسکے۔ ایف بی آر ٹیکس ریٹرن کے عمل کو سادہ بنانے کے منصوبے اور ود ہولڈنگ ٹیکس کے نظام میں اصلاحات پر بھی کام کر رہا ہے۔ مزید برآں عدالت میں تاخیر کے شکار مقدمات حل ہوجائیں تو اضافی 3 کھرب روپے حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ علاوہ ازیں اپیل کے عمل کو ٹھیک کرنے کے لیے فوری درستی کی ضرورت ہے اور ایک ایسا متبادل نظام بنانے کی ضرورت ہے کہ تنازعات کو حل کیا جاسکے۔ حکومت کی داخلی ورکنگ سے پتہ چلتا ہے کہ ٹیکس ٹو جی ڈی پی کے لحاظ سے شرح 9.6 فیصد ہے جبکہ ایف بی آر کی ٹیکس ٹو ڈی جی پی ریشو 8.5 پر کھڑی ہے اور گزشتہ مالی سال میں صرف 74 کھرب روپے کا ٹیکس جمع کیا جاسکا تھا۔ ایف بی آر نے آئندہ دو سال کے لیے 130 کھرب کا ٹیکس ہدف تجویز کیا ہے جو کہ ٹیکس ٹو جی ڈی پی ریشو 15 فیصد بنتا ہے۔ ایف بی آر نے تخمینہ لگایا ہے کہ 5.6 ٹریلین کا گیپ ٹیکس پر کمزور عملدرآمد کا شاخسانہ ہے۔ ایف بی آر کے ایک اعلیٰ عہدیدار نے مزید کہا ہے کہ ٹیکس کو 30 کھرب روپے تک بڑھایا جاسکتا ہے اگر جنرل سیلز ٹیکس کے نظام میں بہتری پیدا کر لی جائے اسی طرح اگر انکم ٹیکس میں بہتری ہوجائے تو ٹیکس 18 کھرب روپے بڑھ سکتا ہے اور کسٹم ڈیوٹی و فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی سے 8 کھرب روپے بنائے جاسکتے ہیں۔

## غیر قانونی معاشی سرگرمیوں کیخلاف ایکشن تیز کریں، آرمی چیف کا لاہور میں اجلاس سے خطاب

راولپنڈی (نیوز ڈیسک) آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے اس بات پر زور دیا کہ غیر قانونی معاشی سرگرمیوں کے خلاف قانون نافذ کرنے والے ادارے اور متعلقہ محکمے مل کر پوری قوت کے ساتھ کارروائیاں جاری رکھیں' ان کارروائیوں کے نتیجے میں پاکستان کو مختلف طریقوں سے ہونے والے معاشی نقصانات سے نجات مل سکے گی۔ آرمی چیف نے اپنے دورہ لاہور میں صوبائی ایپکس کمیٹی کے اجلاس میں شرکت کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق اجلاس کے دوران آرمی چیف کو صوبے کی مجموعی سیکورٹی صورتحال، بشمول بجلی، گیس چوری، ذخیرہ اندوزی اور غیر ملکی کرنسی کی اسمگلنگ کے خلاف قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائیوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔

## ٹیکس اصلاحات کیلئے وزیر خزانہ کی سربراہی میں ٹاسک فورس قائم

وفاقی حکومت نے ٹیکس اصلاحات کے لیے ٹاسک فورس قائم کردی جس کی چیئر پرسن نگراں وزیر خزانہ ڈاکٹر شمشاد اختر کو مقرر کردیا گیا۔ ٹاسک فورس کے قیام سے متعلق جاری نوٹیفکیشن کے مطابق ڈاکٹر منظور، ڈاکٹر مشرف، امان اللہ امیر، عامر اعجاز سمیت خالد محمود اور چیئرمین ایف بی آر ٹاسک فورس میں شامل ہیں۔ نوٹیفکیشن میں بتایا گیا کہ ایف بی آر کے ارشد سلیم طارق ممبر ٹیکس اصلاحات ٹاسک فورس کے سیکریٹری مقرر کردیے گئے ہیں۔ ٹاسک فورس ٹیکس آمدن بڑھانے، ٹیکس نظام کی خامیوں کو دور کرنے اور ٹیکس چوری کے خاتمے کے لیے اقدامات تجویز کرے گی جب کہ ٹاسک فورس اسمگلنگ کے خاتمے کے لیے بھی حکمت عملی پیش کرے گی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ٹاسک فورس ٹیکس کی چھوٹ محدود کرنے جب کہ قلیل المیعاد اور طویل المیعاد حکمت عملی سے ٹیکس آمدن بڑھانے کی مختلف تجاویز دے گی۔

## ایف بی آر بے نامی اداروں کے مکمل خاتمے تک ایکشن جاری رکھے گا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ایف بی آر نے بے نامی اداروں کے مکمل خاتمے تک ایکشن جاری رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ خانساموں، چوکیداروں اور مالیوں کے نام پر کمپنی بنانے والے بے نامی داراب ایف بی آر کی گرفت میں ہوں گے، تمام ایسوسی ایشن آف پرسنز اور سنگل اونر کمپنیز میں چھپے بے نامی دار ظاہر کرنا ہوں گے۔ تفصیلات کے مطابق فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے بے نامی داروں کے خلاف ایکشن کا بڑا فیصلہ کرلیا ہے اور ایسوسی ایشن آف پرسنز کے بورڈ میں بے نامی داروں کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے جس میں ایسوسی ایشن آف پرسنز کے تمام ڈائریکٹرز کی تمام تفصیلات دینا ہوں گی، ایف بی آر نے سیکشن 83 بی، 83 سی، 83 ڈی اور 83 ای میں ترامیم کردیں۔ ایسوسی ایشن آف پرسنز تمام بورڈ آف ڈائریکٹرز کے گزشتہ 10 سال کا مکمل ریکارڈ رکھنے کے پابند ہوں گی، ایسوسی ایشن آف پرسنز تمام بورڈ آف ڈائریکٹرز کے نام، ولدیت اور شناختی کارڈ دینے کے پابند کردیے گئے ہیں۔ اے او پیز تمام بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تاریخ پیدائش اور شہریت سے متعلق معلومات دینے کے بھی پابند ہوں گی۔ اے او پیز تمام بورڈ آف ڈائریکٹرز کی رہائشی اور دفاتر کے پتے ظاہر کرنے کے پابند ہوں گے۔ اے او پیز تمام بورڈ آف ڈائریکٹرز کی کمپنی میں شیئرز کی ملکیت کی شرح سے آگاہ کرنے کے پابند قرار دیے گئے ہیں۔ اے او پیز تمام سمندر پار بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تفصیلات بھی دینا ہوں گی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق اے او پیز کو ظاہر کرنا ہوگا کہ تمام بورڈ آف ڈائریکٹرز کے فیصلوں میں کتنا کنٹرول رکھتے ہیں۔ ایسوسی ایشن آف پرسنز میں اگر بورڈ آف ڈائریکٹرز رشتہ دار ہیں تو اس کی تفصیلات بھی دینا ہوں گی۔

## بوگس، ٹیکس میں فراڈ کرنے والوں کے گرد گھیرا تنگ تحقیقاتی سیل قائم

لاہور (بزنس ڈیسک) پنجاب ریونیو اتھارٹی نے بوگس اور ٹیکس میں فراڈ کرنے والوں کے گرد گھیرا تنگ کردیا۔ پنجاب ریونیو اتھارٹی کی جانب سے انوسٹی گیشن اینڈ پروسیکیوشن سیل قائم کردیا گیا۔ ترجمان کے مطابق انوسٹی گیشن اینڈ پروسیکیوشن سیل کا سربراہ ایڈیشنل کمشنر پی آر اے غلام مصطفی ڈوگر کو مقرر کیا گیا ہے۔ سیل کے ذمہ بوگس اور ٹیکس میں فراڈ کرنے والوں کا ڈیٹا مرتب کرنا ہوگا۔ ڈیٹا مرتب کرنے کے بعد ٹھوس ثبوت کی بنیاد پر بوگس اور ٹیکس چوری کرنے والوں کے خلاف کاروائی کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر احمد حسن نے کہا کہ سیل بنانے کا مقصد ٹیکس فراڈ کے ذریعے سرکاری خزانے کو نقصان پہنچانے والوں کے خلاف قانونی کاروائی عمل میں لانا ہے۔ آئی اینڈ پی سیل میں ڈپٹی کمشنر، انفورسمنٹ آفیسرز سمیت دیگر سٹاف شامل ہے۔ 54 سکشن کے تحت ٹیکس میں فراڈ کرنے والے افراد کو گرفتار بھی کیا جاسکتا ہے۔


یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

## ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کے پیپر، پرنٹنگ واسٹیشنری کے ٹینڈرز

☆ ٹینڈر حوالہ نمبر: DHO/Malir/9303/09

آفسیٹ پیپر، A4 سائز، تعداد: 100 ریم۔

او پی ڈی سلپ، فائل کور، پوسٹر اور پینا فلیکس کی پرنٹنگ (بڑی مقدار میں)۔

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 19 اکتوبر 2023ء

برائے رابطہ: آفس، ملیر، کراچی۔

فون: 0321-2326344

☆ ٹینڈر حوالہ نمبر: DHO/U.KOT/ProCurement/13484

پیپر A4 سائز، 80 گرام، تعداد: 100 ریم

پیپر لیگل سائز، 80 گرام، تعداد: 100 ریم۔

اسٹیشنری آئٹمز۔

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 12 اکتوبر 2023ء

برائے رابطہ: آفس، چھور روڈ، بمقام کارڈ یک گیریونٹ، عمرکوٹ۔

فون: 0238-570414

☆ ٹینڈر حوالہ نمبر: DHO/BDN/Tender(Store)21732/2023

پیپر ریم A4 اور لیگل سائز۔ اسٹیشنری آئٹمز۔

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 19 اکتوبر 2023ء

برائے رابطہ: آفس، بدین۔

فون: 0297-920105

## پاکستان پٹرولیم لمیٹڈ کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: PD/GEN/PT/25882/23

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 16 اکتوبر 2023ء

برائے رابطہ: چوتھی منزل، پی آئی ڈی سی ہاؤس، ڈاکٹر ضیاالدین احمد روڈ، کراچی۔

فون: 021-35651480-89

## فزیشنز اینڈ سرجنز کالج کے پیپر و پرنٹنگ کے ٹینڈرز

☆ بکس بورڈ، میٹ فنش پیپرز، آفسیٹ پیپرز۔

☆ بال پوائنٹ پرنٹڈ مونوگرام کے ساتھ۔

☆ ٹشو باکس پرنٹڈ مونوگرام کے ساتھ۔

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 17 اکتوبر 2023ء

برائے رابطہ: پرچیز ڈپارٹمنٹ، 7th۔ سینٹرل اسٹریٹ، فیز۔2، ڈی ایچ اے، کراچی۔

فون: 021-99266400-10 EXT:237-330

## واٹر اینڈ سینی ٹیشن ایجنسی لاہور کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: P&S/25.01/6684

واٹر بلز اور نوٹسز کی پرنٹنگ




ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 12 اکتوبر 2023ء

برائے رابطہ: ڈائریکٹر پی اینڈ ایس، آفس گلشن راوی، لاہور۔

## کنٹرولر ملٹری اکاؤنٹس لاہور کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 17 اکتوبر 2023ء

برائے رابطہ: اکاؤنٹس آفیسر (AN)، نزد شیر پاؤ برج، لاہور کینٹ۔ فون: 042-99220364

## فیصل آباد میڈیکل یونیورسٹی کا پیپر، پرنٹنگ واسٹیشنری کا ٹینڈر

پیپر اے فور سائز، 80 گرام، تعداد: 300 ریم۔

پیپر لیگل سائز، 80 گرام، تعداد: 50 ریم۔

لفافے اور آنسر شیٹس کی پرنٹنگ (بڑی مقدار میں)

اسٹیشنری آئٹمز۔

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 14 اکتوبر 2023

برائے رابطہ: پرچیز ڈپارٹمنٹ، فیصل آباد۔

فون: 041-8816078

## ایجوکیشن یونیورسٹی لاہور کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: UE/2023-24/11

اپریزل رپورٹ کی پرنٹنگ، تعداد: 100 کاپی

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 13 اکتوبر 2023ء

برائے رابطہ: پرچیز کمیٹی، لاہور۔

فون: 042-99262230

## بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن کا پیپر و پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: BSE/P&P/418/2023

آنسر اسکرپٹ کی پرنٹنگ

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 12 اکتوبر 2023ء

ڈپلیکیٹنگ پیپر امپورٹڈ، سائز 55,10x15 تا 60 گرام،

تعداد: 15000 ریم

ڈپلیکیٹنگ پیپر امپورٹڈ، سائز 55,8.5x13.5 تا 60 گرام،

تعداد: 5000 ریم

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 16 اکتوبر 2023ء

اسٹیشنری کی پرنٹنگ

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 18 اکتوبر 2023ء

برائے رابطہ: پرچیز ڈپارٹمنٹ، P&P سیکشن، ناظم آباد، کراچی۔

فون: 021-9926025-26 / 99260268

## داؤد انجینئرنگ یونیورسٹی کو پرنٹنگ خدمات درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: DUET/Procpectus/23

پراسپیکٹس، اسٹوڈنٹ ہیڈ بک اور نیوز لیٹر کی پرنٹنگ

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 10 اکتوبر 2023ء

برائے رابطہ: پروکیورمنٹ آفیسر آفس، ایم اے جناح روڈ، کراچی۔

فون: 021-99231195-98 / 99230307

## NED انجینئرنگ یونیورسٹی کا پیپر واسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: ARC PAPER/3427

آفسیٹ پیپر، A4 سائز، 80 گرام امپورٹڈ، تعداد: 1000 ریم

آفسیٹ پیپر، A4 سائز، 70 گرام امپورٹڈ، تعداد: 2500 ریم

آفسیٹ پیپر، A3 سائز، 80 گرام امپورٹڈ، تعداد: 50 ریم (ڈبل اے برانڈ یا مساوی)

ڈپلیکیٹنگ پیپر A4 سائز، 55 گرام، تعداد: 500 ریم

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 16 اکتوبر 2023ء

ٹینڈر حوالہ نمبر: ARC/Stationary/3430

اسٹیشنری آئٹمز

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 17 اکتوبر 2023ء

برائے رابطہ: اسسٹنٹ ڈائریکٹر پروکیورمنٹ۔

2، یونیورسٹی روڈ، کراچی۔

فون: 021-99261261-68 EXT:2291

## سندھ ٹیکنیکل ایجوکیشن کا پیپر واسٹیشنری کا ٹینڈر

فوٹو اسٹیٹ پیپر A4 سائز، تعداد: 500 ریم

(ڈبل اے برانڈ یا مساوی) اسٹیشنری آئٹمز

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 10 اکتوبر 2023ء

برائے رابطہ: انچارج (پروکیورمنٹ)، اسٹریٹ۔ 19، بلاک۔ 6، گلشن اقبال، نزد نیپا چورنگی، کراچی۔ فون: 021-99244112-7

## سرگودھا انٹرمیڈیٹ بورڈ کو پرنٹنگ خدمات درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: 453/اسٹورز

کور شیٹس کی پرنٹنگ، تعداد: 2500000 عدد

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 17 اکتوبر 2023ء

برائے رابطہ: اسٹورز برانچ، سرگودھا۔

فون: 048-3250051-3250059



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# سپریم کورٹ کا ایف بی آر کو تمام احکامات اور نوٹیفکیشن ویب سائٹ پر اپ لوڈ کرنے کا حکم

